یہاں سے کاٹیے

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

سوالنامہ کھولنے کے لئے یہاں سے کاٹیے

Tear here

# A

SL. No : F

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 42 ]
Total No. of Questions : 42 ]

**CCE RR**
**REVISED**

[ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 12
[ Total No. of Printed Pages : 12

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 83-U** **Code No. : 83-U**

## ವಿಷಯ : ವಿಜ್ಞಾನ

## Subject : SCIENCE

**( ಭೌತಶಾಸ್ತ್ರ, ರಸಾಯನಶಾಸ್ತ್ರ ಮತ್ತು ಜೀವಶಾಸ್ತ್ರ / Physics, Chemistry & Biology)**

**( ಉರ್ದು ಭಾಷಾಂತರ / Urdu Version)**

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ / New Syllabus )**

**( ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Regular Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 24. 06. 2019 ] [ Date : 24. 06. 2019

ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-30 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 9-30 A.M. to 12-30 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80 ] [ Max. Marks : 80

**عام ہدایات :**

1. سوالنامہ معروضی (Objective) اور موضوعی (Subjective) قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 42 سوالات ہیں۔

2. اس سوالنامہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔

3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

4. سوالات کے لئے بائیں ہاتھ کی جانب حاشیئے میں مکمل مارکس دئے گئے ہیں۔

5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

مندرجہ ذیل سوالات/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادل دیے گئے ہیں۔ان میں سے صرف ایک صحیح یا مناسب ترین ہے۔صحیح متبادل چُنیں اور حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب اپنے جوابی بیاض میں لکھیں۔ $10 \times 1 = 10$

1. جدید معیادی جدول میں معیاد (Period) اور گروپس (Groups) کی تعداد

(A) 7 اور 9 (B) 18 اور 7

(C) 7 اور 18 (D) 9 اور 7

2. جانداروں کا وہ گروہ جو فشن (Fission) کے ذریعہ اپنی نسل بڑھاتا ہے۔

(A) امیبا، ہائڈرا، اسپائروگائرا

(B) لیشمانیا، امیبا، خمیر (Yeast)

(C) امیبا، پلاسموڈیم، پلانیریا

(D) پلاسموڈیم، امیبا، لیشمانیا

3. چھوٹی آنت میں ہاضمہ کے تعلق سے صحیح کہاوت

(A) تیزابی غذا کو بائل جوس کے ذریعہ اساسی بنایا جاتا ہے

(B) ہیڈروکلورک تیزاب کے ذریعہ غذا کو تیزابی بنایا جاتا ہے

(C) نشاستہ (Starch) کا ہاضمہ امالس (Amylase) کے عمل سے ہوتا ہے

(D) پروٹین کا ہاضمہ پیپسن (Pepsin) کے عمل سے ہوتا ہے

4. حسب ذیل میں کونسا ماحول دوست ہے۔

(A) تھرمل پاور پلانٹ

(B) ہائڈرو پاور پلانٹ

(C) بایوگیس پلانٹ

(D) نیوکلیر پاور پلانٹ

.5 حسب ذیل دی گئی غذائی جال کا مشاہدہ کیجئے :

گھاس ← ٹڈا (Grasshopper) ← مینڈک ← سانپ ← چیل اگر توانائی پہلے سطح پر 5000J ہو تو سانپ تک پہنچنے والی توانائی کی مقدار

(A) 500 J (B) 5 J

(C) 0·5 J (D) 50 J

.6 حسب ذیل میں ممکنہ کیمیائی تعامل


(A) $FeSO_4 + Pb \rightarrow PbSO_4 + Fe$

(B) $ZnSO_4 + Fe \rightarrow FeSO_4 + Zn$

(C) $2AgNO_3 + Cu \rightarrow Cu(NO_3)_2 + 2Ag$

(D) $PbCl_2 + Cu \rightarrow CuCl_2 + Pb$

.7 حسب ذیل میں نمودی شعاع (Emergent ray) کی نشاندہی کیجئے۔




(A) CD (B) BC

(C) AB (D) IJ

8. $Fe_2O_3 + 2Al \rightarrow Al_2O_3 + 2Fe$ اس تعامل کی قسم

(A) اتحادی تعامل

(B) دوہرا ہٹاؤ تعامل

(C) تحلیلی تعامل

(D) ہٹاؤ تعامل

9. ایک دھاتی تار کی مزاحمت $R$ ہے۔اسکو 3 مساوی ٹکڑوں میں کاٹا گیا۔ان ٹکڑوں کو متوازی جوڑا گیا۔اگر جوڑ کی جملہ مزاحمت $R'$ ہے تو $R : R'$ کی مقدار معلوم کیجئے۔

(A) 1 : 3 (B) 9 : 1

(C) 1 : 9 (D) 3 : 1

10. حسب ذیل جدول کا مشاہدہ کیجئے جس میں مٹر کے پودوں کی مختلف خصوصیات دی گئی ہیں۔

| بیج کا رنگ | پھول کا مقام |
|---|---|
| ( $G$ ) سبز | ( $A$ ) Axial |
| ( $g$ ) پیلا | (a) Terminal سرے پر |

سبز بیج اور سرے پر پائے جانے والے پودوں کو ظاہر کیجئے۔

(A) gGAa

(B) GgAa

(C) GgAA

(D) Ggaa

.11 کالم $A$ میں آلات کے نام دیئے گئے ہیں ان سے تعلق رکھنے والے افعال کالم $B$ میں دیئے گئے ہیں۔ مناسب جوڑ لگا کر حروف تہجی کے ساتھ جوابی بیاض میں لکھئے : 4 ×1 = 4

| کالم-**A** | کالم-**B** |
|---|---|
| (A) کمیوٹیٹر | (i) سرکیوٹ میں برقی رو کی نشاندہی کرتا ہے۔ |
| (B) فیوز | (ii) میکانکی توانائی کو برقی توانائی میں تبدیل کرتا ہے۔ |
| (C) گیلوینومیٹر | (iii) مضمر فرق (Potential Difference) کی پیائش کرتا ہے۔ |
| (D) برقی جنریٹر | (iv) موصل کی سمت ظاہر کرتا ہے۔ |
| | (v) برقی آلات کی حفاظت کرتا ہے۔ |
| | (vi) برقی رو کی سمت بدلتا ہے۔ |
| | (vii) برقی توانائی کو میکانکی توانائی میں تبدیل کرتا ہے۔ |

حسب ذیل سوالوں کے جواب لکھئے : 7 × 1 = 7

.12 کروی آئینہ کے مرکز انحنا (Centre of curvature) کیا ہے ؟

.13 غیر ہوا باش تنفس سے پیدا ہونے والی شئے کا نام بتایئے۔

.14 شریک باند (Covalent Bond) کیا ہے ؟

.15 انسانی آنکھ کی پتلی (Pupil) کا کیا فعل ہے ؟

.16 خوردبینی جاندار (Microorganism) کو تحلیلی (Decomposers) کہتے ہیں۔ کیوں ؟

.17 الکائن (Alkyne) کے پہلے ممبر کا نام بتایئے اور اسکا سالمی ضابطہ لکھئے۔

.18 انواعیت (Speciation) کے ذمہ دار امور کے نام لکھئے۔

حسب ذیل سوالوں کے جواب لکھئے : 16 × 2 = 32

19. ایک بلب پر 220V اور 40W کی نشاندہی کی گئی۔اس بلب سے گذرنے والا کرنٹ (برقی رو) اور مزاحمت محسوب کیجئے۔

20. کوئی تیزاب جب دھاتی کاربونیٹ کے ساتھ تعامل کرتا ہے تو خارج ہونے والی گیس کا نام بتایئے۔اس گیس کو چونے کے پانی سے گذارنے پر ہونے والے تعاملات لکھئے۔کس رنگ کے تہہ نشین (Precipitate) حاصل ہوتے ہیں۔

یا

سائنسی وجوہات لکھئے :

(i) جب تیزاب کو ڈائلوٹ کیا جاتا ہے تو پانی میں تیزاب ڈالنا چاہئے۔

(ii) پلاسٹر آف پیارس کو رطوبت سے پاک برتن میں رکھنا چاہئے۔

21. کھلے اسٹومیٹا کی شکل بنا کر حسب ذیل کی نشاندہی کیجئے :

(i) حفاظتی خلئے

(ii) اسٹومیٹا مسام

22. (i) ٹینڈل اثر کیا ہے ؟


(ii) جب پرزم پر سفید روشنی ڈالی جاتی ہے تو انکسار میں سب سے کم مڑنے والی شعاع اور سب سے زیادہ مڑنے والی شعاع کے نام لکھئے۔

یا

(i) آنکھ کی مطابقت سے کیا مراد ہے ؟

(ii) صحت مند آنکھ کا قریب نقطہ اور دور نقطہ سے کیا مراد ہے ؟

23. حسب ذیل میں تین مختلف حیوانات کے دل کے خاکے دیئے گئے ہیں۔ان کا مشاہدہ کیجئے اور سوال کا جواب دیجئے :



1 2 3

ان میں سے کونسا دل زیادہ توانائی صرف کرنے والے حیوانات کے لئے ضروری ہوتا ہے ؟ کیوں ؟

**یا**

حسب ذیل جدول میں $x$ اور $y$ حیوانات کے چھوٹی آنت کی لمبائی دی گئی ہے۔اس کا مشاہدہ کیجئے اور ذیل کے سوال کا جواب دیجئے :

| حیوانات | اندازاً چھوٹی آنت کی لمبائی |
|---|---|
| $x$ | 20 سے 40 فٹ |
| $y$ | 5 سے 8 فٹ |

نشاندہی کرو کہ سبزخور (Herbivorous) اور گوشت خور (Carnivorous) حیوانات جدول میں اور اپنے فیصلے کے لئے سائنسی وجہ بتائیے۔

24. (i) المونیم کا ہائڈروکلورک تیزاب کے ساتھ تعامل کے متوازن مساوات لکھئے۔

(ii) جب تانبہ مرتکز نائٹرک تیزاب کے ساتھ تعامل کرتا ہے تو ہیڈروجن گیس خارج نہیں ہوتی۔وجہ بتائیے۔

**یا**

الیکٹران نقطہ ساخت (Electron dot structure) کے ذریعہ NaCl اور $MgCl_2$ بننا ظاہر کیجئے۔

25. سادہ برقی موٹر کی شکل بنا کر حصوں کے نام لکھئے :

(i) برش

(ii) بیاٹری

26. ایک مثال کے ذریعہ ہیڈروکاربنس میں بدل تعامل (Substitution reaction) سمجھائیے۔

یا

صابن کے ذریعہ صفائی کا مظہر سمجھائیے۔

27. نیوران کی شکل بنا کر حصوں کے نام لکھئے :

(i) حصہ جس میں واضح مرکزا (Nucleus) ہوتا ہے۔

(ii) ڈنڈرائٹ (Dendrite)

28. اچھے توانائی کے ذرائع کی خصوصیات کی فہرست بنائیے۔

29. ایک شخص کی تولیدی خاصیت کی پائے داری

(i) جسم میں انثوں کا مقام

(ii) ٹسٹواسیٹران ہارمون کا اخراج

(iii) پراسٹیٹ (Prostate) غدودسیال کا اخراج ایک دوسرے سے تعلق رکھتے ہیں۔ سائنسی طور پر سمجھائیے۔

30. دوسیر شدہ اور غیر سیر شدہ ہیڈروکاربس کا عام ضابطہ $C_nH_{2n}$ ہے۔ ہر گروپ کے ایک ممبر جس میں $n = 3$ کا ساختی ضابطہ لکھئے۔

31. محدب عدسہ (لینس) کے $2F_1$ پر رکھی گئی شئے کے شبیہ کی شکل بنائیے۔ ($F_1$ : عمدہ مرکز نگاہ)

32. حسب ذیل *A*، *B*، *C*، *D* عناصر کا مقام جدید معیادی جدول (Modern periodic table) میں دیا گیا ہے۔

حسب ذیل سوالات کے جواب لکھئے :

| | گروپ 1 | گروپ 2 |
|---|---|---|
| معیاد 3 | A | B |
| معیاد 4 | C | D |

(i) کونسے عنصر کے جوہر کا مرکز (ایٹمی سائز) سب سے بڑا ہوتا ہے ؟ کیوں ؟

(ii) کونسے عنصر میں سب سے کم دھاتی (Metallic) خاصیت ہوتی ہے ؟ کیوں ؟

33. پھول کی کلغی پر زیرہ (Pollen) کا جرمینیشن ظاہر کرنے والی شکل بنائیے۔

34. ہائپرمٹروپیا یا دور نظری کیا ہے ؟ اس کی تصحیح کرنے والے لینس کا نام لکھئے۔

حسب ذیل سوالات کے جواب لکھئے : 5 × 3 = 15

35. پانی کی برق پاشیدگی میں استعمال ہونے والے آلات کی شکل بنا کر حسب ذیل حصوں کے نام لکھئے :

(i) کیاتھوڈ

(ii) گرافائٹ چھڑی

36. ان حالات کا تصور کیجئے :

(i) پروگرام کے آخر میں تالی بجانا

(ii) جسم میں خون کے دباؤ میں فرق ہونا۔

کس طرح دونوں حالات فعلی طور پر علحدہ ہیں ؟ وجہ بتائیے۔

یا

''ہم کانٹے پر پیر پڑنے سے غیر محسوس اٹھا لیتے ہیں''

(i) اس عمل میں ہونے والے افعال کونسے ہیں ؟

(ii) انسانی اعصابی نظام کا کونسا حصہ یہ عمل انجام دیتا ہے ؟

37. ایک مقعر لینس کی فوکل لمبائی 30 cm ہے۔ 20 cm دوری پر شبیہ حاصل کرنے کے لئے کتنی دوری پر شئے کو رکھنا چاہئے۔
لینس سے پیدا ہونے والی تکبیر (Magnification) معلوم کیجئے۔

38. دھات پر بھاپ کا اثر ظاہر کرنے والے تجربہ کے آلات کی شکل بنائیے۔ حسب ذیل کی نشاندہی کیجئے :

(i) دھات

(ii) ڈیلیوری ٹیوب

39. (i) فوزل ایندھن کے احتراق سے کس طرح سبز شیشہ گھر کا اثر (Green house effect) ہوتا ہے۔

(ii) زمینی پانی کی پائیداری (Sustaining) ناکام ہونے کے وجوہات کی فہرست بنائیے۔

یا

(i) پلاسٹک کی اشیاء کا دوبارہ استعمال، باز گردش سے بہتر ہے۔ کیوں ؟

(ii) ''عام لوگ جنگلات کے متعلقہ فریق (Stake-holder) ہوتے ہیں'' سمجھایئے۔

حسب ذیل سوالات کے جواب لکھئے : 3 × 4 = 12

40. (i) مضمر برق کی تعریف کیجئے۔ ایمیٹر (Ammeter) سرکٹ میں کس طرح جوڑا جاتا ہے۔ ؟

(ii) برقی رو کا بلب اور فیوز میں حرارتی اثر کا اطلاق سمجھایئے۔

یا

(i) اوم کے قانون کو بیان کیجئے۔

(ii) موصل کی مزاحمت پر اثر انداز ہونے والے امور لکھئے۔

.41 (i) تعدیلی تعامل کیا ہے ؟

(ii) کلورو–اساس سے حاصل ہونے والے طریقہ کا نام لکھئے ۔ ہر ایک کا ایک ایک استعمال لکھئے ۔

.42 (i) نسبتی طریقہ فوزل کی عمر دریافت کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ وجہ بتایئے ۔

(ii) ''کسی شخص کی زندگی کے تجربے راست ارتقا نہیں ہوتے ۔'' کیوں ؟

(iii) ''والد سے حاصل ہونے والے کروموزمس بچہ کی جنس ظاہر کرتے ہیں ۔'' سمجھایئے ۔